**SET-4**

**Series AQ@QA**

سوالنامہ کوڈ
Q.P. Code **5B**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **19** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت: ۲ گھنٹے | کل نمبر: ۴۰

*Time allowed : 2 hours* | *Maximum Marks : 40*

***Instructions :***

*(i)* *This question paper contains* ***3*** *sections and total* ***19*** *questions.*

*(ii)* *Section A is based on Reading Comprehension.*

*(iii)* *Section B is based on Writing Skills and Functional Grammar.*

*(iv)* *Section C is based on Text-Book.*

*(v)* *Write answers according to the Specific Instructions.*

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 19 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) 'حصہ۔الف' میں عبارت فہمی پر مبنی سوالات کیے گئے ہیں۔

(iii) 'حصہ۔ب' میں انشاء پردازی اور عملی قواعد سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(iv) 'حصہ۔ج' میں درسی کتاب کے اسباق سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(v) ہدایات کے مطابق ہی سوالوں کے جواب لکھیے۔

## SECTION-A (10 Marks)

## حصہ۔الف (10 نمبر)

**1۔** درج ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ *1×5=5*

**(الف)**

ڈائنا ثور کی دریافت سے پہلے ہاتھی کو دنیا کا سب سے بڑا جانور سمجھا جاتا تھا۔لیکن اب دنیا میں ڈائنا ثور نہیں پایا جاتا۔اس لیے اب چوپایہ جانوروں میں ہاتھی کو سب سے بڑا جانور سمجھا جاتا ہے۔اس کے دو لمبے لمبے دانت باہر کی طرف نکلے رہتے ہیں۔ان دانتوں سے وہ کھانے کا کام نہیں لیتا، یہ

صرف دیکھنے کے ہوتے ہیں۔اسی لیے کہاوت مشہور ہے کہ "ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور"۔ ہاتھی جنگلوں میں غول بنا کر رہتے ہیں اور حفاظت کے خیال سے اپنے بچوں اور بوڑھے ہاتھیوں کو جھنڈ کے بیچ میں رکھتے ہیں۔ جب انھیں خطرہ محسوس ہوتا ہے تو بہت زور زور سے چنگھاڑتے ہیں اور ایک ساتھ دشمن پر حملہ کرتے ہیں۔ ہاتھی پالنا عام آدمیوں کے بس کی بات نہیں۔اس کی خوراک اور دیکھ بھال کا خرچہ دولت مند ہی برداشت کر سکتے ہیں۔

(i) سب سے بڑا جانور کسے کہا جاتا ہے ؟

(ii) ہاتھی کے دانتوں کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے ؟

(iii) اس اقتباس میں کس کہاوت کا ذکر کیا گیا ہے ؟

(iv) جنگل میں غول بنا کر رہنے کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے ؟

(v) ہاتھی کا پالنا عام آدمیوں کے بس کی بات کیوں نہیں ہے ؟

(ب)

گیا دن ہوئی شام آئی ہے رات

خدا نے عجب شے بنائی ہے رات

نہ ہو رات تو دن کی پہچان کیا

اٹھائے مزہ دن کا انسان کیا

ہوئی رات خلقت چُھٹی کام سے

خموشی سی چھائی سر شام سے

مسافر نے دن بھر کیا ہے سفر

سرِ شام منزل پہ کھولی کمر

اندھیرا اُجالے پہ غالب ہوا

ہر اک شخص راحت کا طالب ہوا

(i) عجب شے کسے کہا گیا ہے ؟

(ii) رات سے کس کی پہچان ہے ؟

(iii) خاموشی کب سے چھائی ہوئی ہے؟

(iv) مسافر کے کیا معنی ہیں ؟

(v) اندھیرے کے غالب ہوتے ہی کیا ہوا ؟

**2۔** درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *1×5=5*

**(الف)**

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا گولہ تھی، اُس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولہ تھی ضرور، کیوں کہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(ii) اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(iii) عالم کیا کہتے ہیں ؟

(iv) دنیا کے کبھی آگ کا گولہ ہونے کی کیا وجہ بتائی گئی ہے ؟

(v) آتش فشاں پہاڑ کیا کرتے ہیں ؟

(ب)

کوئی امید بر نہیں آتی　　کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معیّن ہے　　نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی　　اب کسی بات پر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں　　ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

کعبے کس منہ سے جاؤگے غالب　　شرم تم کو مگر نہیں آتی

(i) اس غزل کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(ii) ''امید بر نہ آنا'' کے کیا معنی ہیں ؟

(iii) شاعر کو رات بھر نیند کیوں نہیں آئی ؟

(iv) ہنسی کس بات پر آتی تھی ؟

(v) آخری شعر میں شاعر کس سے بات کر رہا ہے ؟

## SECTION-B (18 Marks)

## حصہ۔ب (18 نمبر)

**ہدایت :** سوال نمبر 3 سے سوال نمبر 6 تک چار سوالات دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف 3 سوالوں کے جواب لکھیے۔ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔ $3\times2=6$

**3۔** درج ذیل میں سے صرف دو الفاظ کے واحد لکھیے :

(i) اعداد

(ii) معلومات

(iii) کتب

(iv) اخبارات

**4۔** 'بے' سابقہ لگا کر دو لفظ بنائیے۔

**5۔** درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کے مذکّر لکھیے :

(i) رانی

(ii) ماں

(iii) بیٹی

(iv) بہن

**6۔** درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے :

(i) ہتھیار ڈالنا

(ii) میدان چھوڑنا

(iii) نیچا دکھانا

(iv) منہ لٹکانا

**7۔** (a) پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹّی کے لیے درخواست لکھیے۔ 4

**یا**

(b) دسویں جماعت پاس کرنے کی خوشی میں دوست کو خط لکھ کر مبارک باد دیجیے۔

**8۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 5

(i) یومِ جمہوریہ

(ii) پسندیدہ شخصیت

(iii) اسکول پکنک

(iv) کھیل کود کے فائدے

(v) بڑھتی ہوئی آبادی کے نقصانات

**9۔** (a) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا مرکزی خیال لکھیے۔ 3

**یا**

(b) مضمون ''رضیہ سلطان'' کا خلاصہ لکھیے۔

## SECTION-C (12 Marks)

## حصہ۔ج (12 نمبر)

**ہدایت :** درج ذیل میں سے صرف 6 سوالات کے جواب لکھیے۔ $6\times2=12$

**10۔** انٹرنیٹ کے کام کرنے کا طریقہ لکھیے۔

**11۔** بریل کس نے ایجاد کی ؟

**12۔** پہاڑ نے اپنی بڑائی کن الفاظ میں بیان کی ؟

**13۔** رضیہ سلطان کون تھی ؟

**14۔** 'کاٹھ کا گھوڑا' کس کو اور کیوں کہا گیا ہے ؟

**15۔** ''کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے'' اس مصرعے کا کیا مطلب ہے ؟

**16۔** اونتی کی حاضر جوابی سے متعلق کوئی ایک واقعہ لکھیے۔

**17۔** ڈراما 'کارتوس' کس نے لکھا ہے ؟

**18۔** نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو'' کے ذریعہ کیا پیغام دیا گیا ہے ؟

**19۔** رتن سنگھ کس سال میں پیدا ہوئے ؟

.....................